روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

پیر 23 اگست 2010ء 12 رمضان 1431 ہجری 23 ظہور 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 176

بخشش کی راہ

حضرت سلمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:-

جو شخص ماہ رمضان میں اپنے مزدور یا خادم سے اس کے کام کا بوجھ ہلکا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس شخص کو بخش دے گا اور اسے آگ سے آزاد کردے گا۔

(مشکوۃ کتاب الصوم)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بیمار اور مسافر کے روزہ رکھنے کا ذکر تھا۔ حضرت مولوی نورالدین صاحب نے فرمایا کہ شیخ ابن عربی کا قول ہے کہ اگر کوئی بیمار یا مسافر روزہ کے دنوں میں روزہ رکھ لے تو پھر بھی اسے صحت پانے پر ماہ رمضان کے گزرنے کے بعد روزہ رکھنا فرض ہے کیونکہ خدا تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے (-) (البقرۃ:185) جو تم میں سے بیمار ہو یا سفر میں ہو وہ ماہ رمضان کے بعد کے دنوں میں روزے رکھے۔ اس میں خدا تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ جو مریض یا مسافر اپنی ضد سے یا اپنے دل کی خواہش کو پورا کرنے کے لئے انہی ایام میں روزے رکھے تو پھر بعد میں رکھنے کی اس کو ضرورت نہیں۔ خدا تعالیٰ کا صریح حکم یہ ہے کہ وہ بعد میں روزے رکھے۔ بعد کے روزے اس پر بہر حال فرض ہیں۔ درمیان کے روزے اگر وہ رکھے تو یہ امر زائد ہے اور اس کے دل کی خواہش ہے۔ اس سے خدا تعالیٰ کا وہ حکم جو بعد میں رکھنے کے متعلق ہے ٹل نہیں سکتا۔

حضرت اقدس مسیح موعود نے فرمایا کہ:۔

’’جو شخص مریض اور مسافر ہونے کی حالت میں ماہ رمضان میں روزہ رکھتا ہے وہ خدا تعالیٰ کے صریح حکم کی نافرمانی کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے صاف فرمادیا ہے کہ مریض اور مسافر روزہ نہ رکھے۔ مرض سے صحت پانے اور سفر کے ختم ہونے کے بعد روزے رکھے۔ خدا تعالیٰ کے اس حکم پر عمل کرنا چاہئے کیونکہ نجات فضل سے ہے نہ کہ اپنے اعمال کا زور دکھا کر کوئی نجات حاصل کرسکتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ مرض تھوڑی ہو یا بہت اور سفر چھوٹا ہو یا لمبا ہو بلکہ حکم عام ہے اور اس پر عمل کرنا چاہئے۔ مریض اور مسافر اگر روزہ رکھیں گے تو ان پر حکم عدولی کا فتویٰ لازم آئے گا۔

صرف فدیہ تو شیخ فانی یا اس جیسوں کے واسطے ہوسکتا ہے جو روزہ کی طاقت کبھی بھی نہیں رکھتے ورنہ عوام کے واسطے جو صحت پا کر روزہ رکھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ صرف فدیہ کا خیال کرنا اباحت کا دروازہ کھول دینا ہے۔ جس دین میں مجاہدات نہ ہوں۔ وہ دین ہمارے نزدیک کچھ نہیں۔ اس طرح سے خدا تعالیٰ کے بوجھوں کو سر پر سے ٹالنا سخت گناہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جو لوگ تیری راہ میں مجاہدہ کرتے ہیں ان کو ہی ہدایت دی جاوے گی۔

خدا تعالیٰ نے دین (-) میں پانچ مجاہدات مقرر فرمائے ہیں۔ نماز، روزہ، زکوٰۃ، صدقات، حج، ......دشمن کا ذب اور دفع خواہ سیفی ہو خواہ قلمی۔ یہ پانچ مجاہدے قرآن شریف سے ثابت ہیں۔ ......کو چاہئے کہ ان میں کوشش کریں اور ان کی پابندی کریں۔ یہ روزے تو سال میں ایک ماہ کے ہیں۔ بعض اہل اللہ تو نوافل کے طور پر اکثر روزے رکھتے رہتے ہیں اور ان میں مجاہدہ کرتے ہیں۔ ہاں دائمی روزے رکھنا منع ہیں۔ یعنی ایسا نہیں چاہئے کہ آدمی ہمیشہ روزے ہی رکھتا رہے بلکہ ایسا کرنا چاہئے کہ نفلی روزہ کبھی رکھے اور کبھی چھوڑ دے۔

(ملفوظات جلد پنجم ص320)

مکرم پیر حبیب الرحمٰن صاحب سانگھڑ راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے

احباب جماعت کو افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ سلسلہ کے دیرینہ خادم مکرم ومحترم پیر حبیب الرحمٰن صاحب کو سانگھڑ میں مورخہ 19/اگست 2010ء کو دو نقاب پوش موٹر سائیکل سواروں نے گولی ماری جس کی وجہ سے آپ موقع پر ہی راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے۔

مکرم پیر حبیب الرحمٰن صاحب اپنے گھر سے مورخہ 19/اگست 2010ء کو صبح ساڑھے دس بجے اپنی زرعی زمینوں کی طرف جارہے تھے کہ راستے میں ایک موڑ پر جب کار کی رفتار آہستہ ہوئی تو موقع پا کر دو نامعلوم نقاب پوش موٹر سائیکل سواروں نے آپ پر فائرنگ کردی جس سے ایک گولی آپ کی کنپٹی پر لگی اور آپ موقع پر ہی راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے۔ 19/اگست کو شام 6:30 بجے سانگھڑ میں مکرم ریاض احمد ابڑو صاحب مربی سلسلہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ جس کے بعد میت کو کراچی لے جایا گیا جہاں سے بذریعہ ہوائی جہاز میت لاہور لائی گئی۔ لاہور سے بذریعہ ایمبولینس جنازہ مورخہ 20/اگست کو تقریباً 1:30 بجے ربوہ پہنچایا گیا۔ دارالضیافت میں مرکزی عمائدین نے استقبال کیا۔ چار بجے سہ پہر بیت مبارک میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے نماز جنازہ پڑھائی۔ قبرستان میں امانتاً تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب نے ہی دعا کروائی۔ اس موقع پر مجلس خدام الاحمدیہ مقامی کی طرف سے سیکیورٹی اور دوسرے انتظامات کئے گئے تھے۔ شہادت کے وقت آپ کی عمر ساٹھ سال تھی۔ آپ نہایت مخلص اور جماعت کی خدمت کا جذبہ رکھنے والے انسان تھے۔ آپ 1990ء میں بچوں سمیت امریکہ شفٹ ہوگئے تھے اور امریکہ جانے سے پہلے آپ بحیثیت قائد مجلس خدام الاحمدیہ سانگھڑ شہر اور قائد

باقی صفحہ 2 پر

بقیہ صفحہ 1 — پیر حبیب الرحمن صاحب

ضلع سانگھڑ کے طور پر خدمت کی توفیق پاتے رہے اسی طرح آپ کو جماعتی طور پر سیکرٹری مال کے طور پر بھی خدمت کی توفیق ملتی رہی۔امریکہ میں بھی آپ کو جماعت احمدیہ کی مرکزی ویب سائیٹ میں خدمت کرنے کی توفیق ملتی رہی۔آپ اس کے ابتدائی کارکنان میں سے تھے۔آپ نے جماعت احمدیہ کی مرکزی کی ویب سائیٹ کو ترقی دینے اور دنیا بھر کے انٹرنیٹ استعمال کرنے والوں کے دلوں میں اس کی افادیت و اہمیت پیدا کی۔حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبات جمعہ اور خطابات کے خلاصے اور متن کو ویب سائیٹ پر آن لائن کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں رہتے۔روزنامہ الفضل سمیت جماعت احمدیہ کے کئی اخبار، رسائل اور کئی جماعتی اداروں کی کتب کو مرکزی ویب سائیٹ پر مہیا کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔مئی 2006ء میں جب آپ کے بھائی ڈاکٹر مجیب الرحمٰن صاحب راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے تو آپ بوڑھے والد کی خدمت کے لئے امریکہ سے سانگھڑ شفٹ ہو گئے اور یہاں شفٹ ہونے کے بعد مرحوم بھائی کی بیوہ ڈاکٹر نعیمہ صاحبہ سے شادی کر کے مرحوم بھائی کے بچوں کے سر پر شفقت کا ہاتھ رکھا۔

مکرم پیر حبیب الرحمٰن صاحب کا آبائی تعلق ضلع گجرات سے ہے۔آپ کے خاندان میں احمدیت کا نفوذ آپ کے دادا کے بھائی حضرت ڈاکٹر رحمت علی صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے ذریعہ ہوا۔ان کے بعد آپ کے دادا حضرت پیر برکت علی صاحب بھی بیعت کر کے احمدیت میں داخل ہو گئے اور بعد ازاں انہیں کے دو بھائی حضرت پیر افتخار علی صاحب اور حضرت حافظ روشن علی صاحب بھی بیعت کر کے 1901ء تک احمدیت میں شامل ہو گئے تھے۔1912ء میں آپ کے خاندان کے بڑوں نے کچھ زمین سندھ میں خریدی جس کی وجہ سے سندھ میں شفٹ ہو گئے۔

حبیب الرحمٰن صاحب کی پیدائش 1950ء میں سانگھڑ میں ہوئی۔مرحوم نے ابتدائی تعلیم سانگھڑ سے ہی حاصل کی جبکہ بی اے کی تعلیم ربوہ سے حاصل کی۔آجکل آپ سانگھڑ میں اپنی زمینوں کی دیکھ بھال کر رہے تھے۔آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔آپ نمازوں کے پابند اور چندہ جات کی ادائیگی میں باقاعدہ تھے اور خلافت کے ساتھ بے انتہا محبت رکھنے والے انسان تھے۔ہر ایک کا دکھ درد بانٹنے والے اور ضرورت کے وقت دوسروں کے کام آنے والے انسان تھے۔سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے آپ کا ذکر خیر مورخہ 20 اگست 2010ء کے خطبہ جمعہ میں فرمایا

مرحوم کے پسماندگان میں بوڑھے والد مکرم پیر فضل الرحمٰن صاحب عمر 91 سال کے علاوہ دو بھائی اور چار بہنیں چھوڑی ہیں علاوہ ازیں آپ کی پہلی بیوی مکرمہ رقیہ بیگم صاحبہ وفات پا چکی ہیں۔جبکہ ان سے آپ کی اولاد میں مکرم انیس الرحمٰن صاحب عمر 32 سال، مکرمہ حمیرا صاحبہ عمر 30 سال اور مکرمہ عائشہ صاحبہ عمر 28 سال بھی آپ کے پسماندگان میں شامل ہیں اور یہ سارے بچے اس وقت امریکہ میں رہائش پذیر ہیں۔اسی طرح آپ کی دوسری اہلیہ ڈاکٹر نعیمہ صاحبہ اور ان سے آپ کے بھائی ڈاکٹر مجیب الرحمٰن صاحب کے بچے اعزاز الرحمٰن عمر 13 سال، معاذ الرحمٰن عمر 11 سال اور مشعل عمر 7 سال بھی آپ کے پسماندگان میں شامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے اس بھائی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور جملہ لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔آمین

داخلہ مدرسۃ الظفر

مدرسۃ الظفر وقف جدید میں داخلہ کیلئے تحریری ٹیسٹ مورخہ 26/اگست 2010ء بوقت 8:00 بجے صبح ہوگا۔

تحریری امتحان میں کامیاب امیدواران کا انٹرویو اسی روز شروع کر دیا جائے گا۔

تحریری ٹیسٹ میں شمولیت کیلئے ٹیسٹ سے ایک روز قبل تک درج ذیل اشیاء دفتر میں جمع کروانا لازمی ہے۔اس کے بغیر امیدوار کو شامل نہیں کیا جائے گا رزلٹ کارڈ/ سند کی فوٹو کاپی اور امیدوار کی ایک تازہ پاسپورٹ سائز تصویر۔

تحریری ٹیسٹ کے لئے امیدواران کی فہرست مورخہ 26/اگست کو صبح 7:00 بجے دفتر وقف جدید میں آویزاں کر دی جائے گی۔

انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواران اپنی اصل سند/ رزلٹ کارڈ ہمراہ لائیں۔

انٹرویو میں کامیاب امیدواران کا میڈیکل فضل عمر ہسپتال ربوہ سے ہوگا جس کے اخراجات امیدوار کو خود برداشت کرنا ہوتے ہیں۔

(ناظم ارشاد وقف جدید)

درخواست دعا

مکرم ملک ظہور احمد صاحب سپرنٹنڈنٹ مدرسۃ الحفظ اطلاع دیتے ہیں کہ مکرم مہر ریاض احمد صاحب کارکن مدرسۃ الحفظ ربوہ ہرنیا کے آپریشن کی وجہ سے صاحب فراش ہیں کامل شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مہینوں کا اِمام آیا

ہزاروں رحمتیں لے کر مہینوں کا اِمام آیا
مبارک دوستو یارو، کہ پھر ماہِ صیام آیا
عبادت میں نکھار آیا، طبیعت میں وقار آیا
نگاہوں میں حیا آئی، دلوں میں احترام آیا
محبت پھر سے جاگی ہے، چمن میں پھر بہار آئی
زبانِ خلق پر پھر سے درود آیا سلام آیا
ہدایت اور برکت ہے سراسر اس مہینے میں
زمیں پر اس مہینے میں خدا کا تھا ''کلام'' آیا
سنا ہے اس مہینے میں بدل جاتے ہیں دل اکثر
مبارک وہ کہ جس کی خوش نصیبی پر دوام آیا
اٹھا لو فائدہ یارو عمل کے آخری دن ہیں
قیامت سر پہ آئی ہے جہاں کا اختتام آیا
''جو روزے ہوں مری خاطر میں خود ان کی جزا دوں گا''
محمدؐ کی زبانی اک ''حسیں'' کا یہ پیام آیا
وہی معبود ہے اپنا وہی مقصود ہے اپنا
کہ ہر مشکل گھڑی میں اک وہی دلبر ہی کام آیا
خدایا رحم کر اس پر خدایا بخش دے اس کو
بصد منت ترے در پر ترا ادنیٰ غلام آیا
ترا بندہ حقیر عامرؔ ترے در کا فقیر عامرؔ
لئے بھر کر جو کاسے میں تری الفت کا جام آیا

عامرؔ احمدی

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

سانحہ لاہور 28 مئی 2010ء

عشق ووفا، ایثار وقربانی، صبر وحوصلے اور بلند عزم وہمت کی لازوال داستان

مکرم محمد محمود طاہر صاحب ایڈیٹر ماہنامہ انصار اللہ

دارالذکر لاہور کا وہ ہال جو 28 مئی 2010ء کو انسانوں کی قربان گاہ کا ایک منظر پیش کر رہا تھا یہاں درجنوں **عبادالرحمٰن** نے اپنے خون سے اس کے در و دیوار اور فرش کو نہلا دیا تھا۔ وہ ہال اگلے جمعہ میں ذکر الٰہی سے ویسا ہی سجا ہوا تھا جیسا کہ 28 مئی کو سانحہ سے قبل۔ اگلے جمعہ پر ہال ویسے ہی فرزندان توحید سے پُر تھا جیسا کہ اس کا معمول تھا۔ 4 جون کو سینکڑوں **عباداللہ** اپنے مالک حقیقی کے سامنے سربسجود تھے اور تصور بھی نہ تھا کہ ایک ہفتہ قبل یہاں معصوم نمازیوں کے خون سے ہولی کھیلی گئی تھی۔ دارالذکر کے در و دیوار اور سجدہ گاہ سے 28 مئی کے پیارے جاں نثاروں کے خون کی خوبصورت خوشبو آ رہی تھی جو ان کے جنت میں بسیرے کی نوید دے رہی تھی۔

ڈیوٹی پر موجود خدام احمدیت ان مقامات پر پہلے سے بھی زیادہ مستعد کھڑے تھے جہاں ایک ہفتہ قبل ان کے پیارے راہ مولیٰ میں قربان ہوئے۔ ان کے پائے ثبات میں جرأت و بہادری اور استقامت کا عنصر غالب نظر آ رہا تھا۔ 4 جون 2010ء کا جمعۃ المبارک لاہور میں پہلے سے بڑھ کر ذوق عبادت کے ساتھ ادا کیا گیا۔ چار مقامات پر مرکزی نمائندگان نے خطبہ دیا اور نماز پڑھائی ان میں دارالذکر میں محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب، بیت النور ماڈل ٹاؤن میں محترم سید محمود احمد صاحب ناظر اصلاح ارشاد مرکزیہ، بیت التوحید میں محترم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر اصلاح ارشاد مقامی وصدر مجلس انصار اللہ پاکستان اور بیت الذکر دہلی گیٹ میں محترم مولانا مبشر احمد کاہلوں صاحب ناظر دعوت الی اللہ نے جمعہ پڑھایا۔

آنسوؤں سے تر سجدہ گاہیں

خاکسار نے 4 جون کا جمعہ جماعت احمدیہ لاہور کی مرکزی بیت دارالذکر گڑھی شاہو میں ادا کیا ہاں اسی ہال میں جہاں سات روز قبل جمعہ ہی کے دن باوضو اور مطہر عبادالرحمٰن کو نماز جمعہ کے موقع پر ظلم وجور کا نشانہ بنایا گیا تھا اور ان کے خون سے دارالذکر کو تر کر دیا گیا۔ اگلے ہی جمعہ جب لوگ اللہ کی عبادت کے لئے اس مبارک دن دارالذکر میں جمع ہوئے تو اللہ کے حضور اپنی آہ و بکا سے اپنی سجدہ گاہوں کو اپنے آنسوؤں سے تر کر دیا۔ یوں لگتا تھا کہ آج غلامان مسیح موعود کی اللہ کے حضور آہ و زاری عرش الٰہی کو ہلا دے گی۔ فرزندان توحید نے اس زور سے مَتٰی نَصْرُ اللّٰہ کی آواز بلند کی کہ عرش سے اَلَا اِنَّ نَصْرَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ کی صدا سنائی دے رہی تھی۔ یہ اللہ ہی کی مدد، اس کی تائید و نصرت اور اس کی طرف سے عطا کردہ سکینت تھی کہ جس مقام پر اس کے عبادت گزار بندوں پر گولیاں برسا کر انہیں اپنے مقصد تخلیق سے دور کرنے کی ناکام کوشش مخالف نے کی تھی، وہ مقام آج پھر اللہ کے عبادت گزار بندوں سے بھرا ہوا تھا اور ان کی عبادت میں پہلے سے بڑھ کر ذوق اور خشوع و خضوع پایا جا رہا تھا۔ یہ تھا جماعت احمدیہ کا ردعمل 28 مئی کے واقعہ پر جس کو دیکھ کر مخالف خائب و خاسر ہو گیا اور ہمارے اغیار کو احمدیت کا حقیقی چہرہ نظر آیا۔ یہ دراصل ان جاں نثاروں کی قربانیوں کا ثمرہ ہی ہے جسے ایک بے مثل عالمی دینی کردار کی صورت میں دنیا نے دیکھا ہے۔

آفرین ہے جاں نثاروں کے لواحقین پر کہ اگلے جمعۃ المبارک 4 جون پر جہاں 28 مئی کو ان کے پیاروں اور عزیزوں نے اپنے مولیٰ کے حضور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا تھا اس مقام پر آ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کر رہے تھے۔ محترم امیر صاحب ضلع لاہور محترم منیر احمد شیخ صاحب نے دارالذکر میں اپنی جان اپنے مالک حقیقی کو پیش کی۔ آپ کے بچے جو عموماً ماڈل ٹاؤن بیت النور میں جمعہ پڑھتے ہیں اور 28 مئی کو بھی بیت النور ماڈل ٹاؤن میں تھے خاکسار نے ان کے تینوں بیٹوں کو اگلے جمعہ یعنی 4 جون کو دارالذکر کے محراب میں نماز جمعہ ادا کرتے ہوئے دیکھا جہاں ان کے پیارے والد محترم جو ہم سب کو بھی پیارے ہیں نے جام شہادت نوش کیا تھا۔ جاں نثاروں کے لواحقین نے اپنے عمل سے ثابت کر دیا کہ وہ اپنے مولیٰ سے باندھے ہوئے عہد کو وقت آنے پر پورا کر دکھائیں گے اور اس وقت وہ یَنْتَظِرُ کی صف میں پُرعزم کھڑے ہیں اور انہیں کسی بزدلانہ کوشش سے مرعوب نہیں کیا جا سکتا۔

خوبصورت ردعمل اور حسین کردار

اتنا بڑا سانحہ گزرا کہ سینکڑوں خاندان اس سے براہ راست متاثر ہوئے اور جماعت احمدیہ من حیث الجماعت اس المناک سانحہ سے دوچار ہوئی۔ لیکن چشم فلک نے دیکھا کہ اس سانحہ کے نتیجہ میں جہاں عورتوں کے سُہاگ لُٹ گئے، جہاں ماؤں نے اپنے جگر گوشوں کو کھو دیا، جہاں معصوم بچے اپنے باپوں کے سایہ سے محروم ہو گئے، جہاں بہنوں نے اپنے جوان بھائی گنوا دیئے۔ کونسا رشتہ تھا جو چشم زدن میں متاثر نہ ہوا ہو لیکن اس قدر عظیم سانحہ پر سب کی زبانوں پر یہی فقرہ تھا کہ ہم اللہ ہی کے لئے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

مخالف نے شاید خیال کیا ہو گا کہ اس عظیم صدمہ کے بعد احمدی گلی کوچوں میں سراپا احتجاج بن جائیں گے، ٹائر جلائیں گے، اغیار کی املاک کو نقصان پہنچائیں گے، دھرنے دیں گے، ٹریفک بلاک کریں گے، حکومت کے خلاف نعرے لگائیں گے لیکن انہیں کیا معلوم کہ انہوں نے کس قوم کو للکارا ہے۔ یہ تو حضرت مسیح موعود کی پیاری جماعت ہے جو کہ دین حق کے حقیقی چہرہ کو دکھانے کے لئے پیدا کی گئی ہے دنیا نے دیکھا کہ اس قدر عظیم سانحہ پر اس قدر عظیم الشان صبر و حوصلے اور ضبط جذبات کا مظاہرہ کیا گیا۔ اپنا ہم و غم اپنے مولیٰ کے حضور بیان کیا اور اپنے پیارے جاں نثاروں کو انتہائی صبر و حوصلے اور سکینت کے ساتھ لحدوں میں اتارا۔ تدفین کے مناظر کی عکس بندی کرنے والے چینلز کی ٹیمیں اس پُر وقار نظارہ کو دیکھ کر حیران تھیں کہ یہ کیسے لوگ ہیں۔ دراصل یہ وہ سکینت تھی جو اللہ تعالیٰ کے فرشتے نازل فرما رہے تھے اور جاں نثاروں کے لواحقین کے خوف کو امن اور سکون میں بدل رہے تھے۔

حالت خوف کا امن میں بدلنا

صدر صاحب مجلس انصار اللہ کی ہدایت کے تحت خاکسار کو دو بار متعدد شہداء کی فیملیز سے لاہور میں ان کے گھروں میں جا کر ملاقات اور ان کے بلند حوصلے تسکین قلب اور عدیم المثال صبر کا مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔ سب سے بڑھ کر لواحقین کی طرف سے اس بات پر اظہار مسرت تھا کہ ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہر شہید کے گھر فون کر کے ان کے احوال معلوم کر کے ان کے حوصلے کو بلند کیا۔ یقیناً حضور انور ایدہ الودود کے ٹیلی فونز نے جاں نثاروں کے لواحقین کے زخموں پر مرہم کا کام کیا۔ ایسے لگتا تھا کہ وہ خلیفۃ المسیح کی آواز کو اپنے گھر میں سن کر اپنے سارے غم بھول گئے ہیں۔ یہ وہ کیفیت ہے جو دراصل برکات خلافت کے نتیجہ میں ہی ملا کرتی ہے۔ ہاں وہ خلافت جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ خوف کی حالت کو امن میں بدل دیتا ہے۔ اس کا ایک مظاہرہ ہم نے اس عظیم سانحہ کے نتیجہ میں طبعی طور پر پیدا ہونے والے خوف کو امن کی حالت میں اپنی آنکھوں کے سامنے بدلتے ہوئے دیکھا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ اس نعمت خلافت سے سرفراز رکھے اور اس کی برکات سے مستفیض فرماتا رہے۔ آمین

شہداء کے خاندانوں سے ملنے کے بعد ہمیں مِنْھُمْ مَنْ قَضٰی ...... کی تفسیر معلوم ہوئی کہ راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے تو اپنے عہدوں کو پورا کر گئے اور ان کے لواحقین ان کی راہ پر چلنے کی تمنا اپنے دل میں رکھتے ہیں اور تقدیر الٰہی کے منتظر ہیں۔ عشق و وفا اور جاں نثاری کی داستان احباب جماعت اپنے پیارے امام کے خطبات میں سن چکے ہیں جو دلوں کو گرما دینے والی ہے۔

جرأت و بہادری کا شاندار نمونہ

صبر و رضا کے پیکروں نے اپنے آپ کو خدا کے حضور پیش کر دیا اور ایثار و قربانی کے عظیم نمونے دکھائے دوسروں کو بچاتے ہوئے اپنی جانیں دے دیں۔ جرأت اور بہادری کے ایسے عظیم نمونے بھی ہم نے دیکھے کہ بیت النور ماڈل ٹاؤن میں نہتے نوجوانان احمدیت نے وہ کارنامہ دکھایا کہ جو حالت جنگ میں مسلح تربیت یافتہ لوگ بھی نہیں دکھا سکتے اور دو حملہ آور دہشت گردوں کو جو آتشین اسلحہ سے لیس اور خودکش جیکٹ پہنے ہوئے تھے ان کو زندہ پکڑ کر بہت بڑی تباہی سے بچا لیا۔ ایک دہشت گرد کو قابو کرنے والا ایک بظاہر کمزور سا نہتا جوان تھا لیکن اس نے وہ کام کر دکھایا جو طاقتور پہلوان بھی نہ کر سکے۔ اس نے جب ایک ہاتھ سے دشمن کی گردن دبوچی تو دوسرا ہاتھ دشمن کی گن پر رکھ دیا جس کے بعد دوسرے ساتھیوں نے دشمن پر قابو پا لیا۔ اس کی بندوق سینکڑوں گولیاں برسانے کے بعد آگ کی طرح گرم تھی۔ اس کے نتیجہ میں اس بہادر نوجوان کا ہاتھ جل کر شدید مجروح ہوا لیکن اس کے ہاتھ پر نگینوں کی طرح اُبھرے ہوئے چھالے بہتوں کی جان بچا گئے۔

بیت النور ماڈل ٹاؤن میں سیکیورٹی گارڈ محمد انور نے جرأت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی جان دے کے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا کہ میری لاش سے گزر کر ہی کوئی بیت النور میں داخل ہو گا۔ اس شہید کے جواں سال بیٹے عطاء نے بھی جرأت و بہادری کا مظاہرہ کیا اور بیت النور کے مین ہال میں شدید زخمی ہوا اور اسی حالت میں دشمن کو قابو کرنے میں اپنے ساتھیوں کی مدد کرتا رہا۔ اللہ تعالیٰ اس کو شفائے کامل عطا فرمائے۔

بیٹا آگے نکل گیا میں پیچھے رہ گیا

سانحہ لاہور میں شہید ہونے والے سب سے کم عمر

نوجوان عزیزم ولید احمد آف ناصر آباد شرقی ربوہ تھے۔ منفرد اعزاز کے حامل ہیں کہ دادا بھی شہید اور نانا بھی شہید۔ اپنے دادا اور نانا کی قربانیوں کی یاد کو زندہ کر گیا۔ اس کی تو بچپن سے ہی خواہش تھی کہ وہ بڑا ہو کر شہید بنے گا۔ دارالذکر میں زخمی حالت میں والدین کو فون کیا لیکن اپنے زخمی ہونے کا نہ بتایا کہ والدین کو دکھ نہ ہو اور پھر جام شہادت نوش کیا۔ آفرین ہے ولید کے والد محمد منور پر کہ جس کا اکلوتا بیٹا شہید ہو گیا اور وہ یہ کہہ رہا تھا ''میرے والد بھی شہید اور میرا بیٹا بھی شہید ہو گیا۔ میرا بیٹا آگے نکل گیا میں پیچھے رہ گیا۔'' سبحان اللہ راہ مولیٰ میں قربان ہونے کے لئے من ینتظر کے اس گروہ کی شان تو دیکھئے!!!

دشمن مجھے گرا کر ہی آگے جائے گا

جاں نثار مکرم منور احمد قیصر صاحب دارالذکر لاہور میں سالہا سال سے گیٹ پر سیکیورٹی کی ڈیوٹی دیا کرتے تھے۔ بہادری کے ساتھ ڈیوٹی دیتے ہوئے کہا کرتے تھے کہ کوئی مجھے گرائے گا تو آگے جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی بات پوری کی اور جرأت اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے وہ دارالذکر کے ابتدائی جاں نثاروں میں شامل ہوئے۔ ان کے بیٹے کا کہنا ہے کہ میرا یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو اپنے پاس لے گیا جو زیادہ جماعتی خدمت کرنے والے تھے۔

نومبائع کا اخلاص

شہادت کا اعزاز پانے والے ایک مخلص نومبائع مکرم ظفر اقبال صاحب باغبانپورہ لاہور بھی تھے جنہوں نے دارالذکر میں جام شہادت نوش کیا۔ مارچ 2009ء میں بیعت کی اور بڑی تیزی کے ساتھ اخلاص و وفا میں ترقی کی۔ جمعہ بڑے شوق کے ساتھ دارالذکر میں پڑھا کرتے تھے۔ اکثر کہا کرتے تھے کہ مخالفت ہوئی تو زیادہ سے زیادہ مار دیئے جائیں گے اور شہادت مل جائے گی۔ اللہ نے ان کی بات پوری کی۔ ان کی اہلیہ نے ان کے بارہ میں کہا کہ یہ جس قدر احمدی ہونے سے پہلے مخالفت میں جوشیلے تھے اتنے ہی جوشیلے احمدیت میں آنے کے بعد ہو گئے۔ ان کے لواحقین ان کی شہادت کو اپنے لئے اعزاز سمجھتے ہیں اور دوسروں کو تسلیاں دیتے ہیں۔ یہ ہے احمدیت کا کردار جو اور کہیں نظر نہیں آتا۔

عظیم احمدی مائیں

مغلپورہ کے ایک جاں نثار مکرم منصور احمد صاحب جو جواں عمری میں یہ اعزاز پا گئے۔ ان کے چار کمسن بچے ہیں اور چاروں کو وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل کیا ہوا ہے۔ اللہ کے فضل سے بچوں کی اعلیٰ دینی تربیت کا اہتمام کیا ہوا تھا۔ بڑی بچی صرف چھ سال کی اور اس کے بعد بیٹا چار سال کا ہے لیکن حیرت ہوتی تھی کہ ان دونوں بچوں کو لمبی لمبی نظمیں یاد تھیں اور ملاقات کے دوران ان دونوں نے ترنم کے ساتھ نظمیں سنائیں۔ ان کے شہید والد صاحب موبائل میں نظمیں ریکارڈ کر کے دیتے اور بچوں نے یاد کیں۔ وقف نو کی کلاسز پر بڑی باقاعدگی کے ساتھ لے کر جاتے اور ان کی خواہش تھی کہ ان کے بچے جماعت کی خدمت میں نام پیدا کریں۔ دارالذکر میں پہلی صف میں جا کر جمعہ ادا کیا کرتے تھے۔ ان کی والدہ نے کہا کہ مجھے شوق تھا کہ میرے بچے میرا نام پیدا کریں۔ اللہ تعالیٰ نے میرے بیٹے کو شہادت دی ہے۔ اللہ نے کیسی مائیں احمدیت کو عطاء کی ہیں جو اپنے جگر گوشوں کی قربانیوں پر نازاں ہیں اسی قسم کا اظہار محمد شاہد کی والدہ نے بھی کیا کہ میرا بیٹا سب بیٹوں سے اچھا اور خوبیوں کا مالک تھا اور واقعۃً اس لائق تھا کہ وہ اللہ کے حضور قربانی کے لئے پیش کیا جائے۔

جاں نثاری کا ایک منفرد پہلو

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کے پوتے محترم میاں منیر عمر صاحب آف ماڈل ٹاؤن نے بھی جام شہادت نوش کر کے خاندان حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کے خون کو بھی گلشن احمدیت کی آبیاری کے لئے پیش کر دیا۔ آپ کی اہلیہ محترمہ جو حضرت پیر افتخار احمد صاحب پسر حضرت صوفی احمد جان صاحب لدھیانوی کی نواسی ہیں انہوں نے بتایا کہ مجھے خوشی ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کے خاندان کا خون احمدیت کی آبیاری میں شامل ہو گیا اور جس طرح حضرت مسیح موعود اور حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کا آپس میں گہرا تعلق تھا۔ آقا و غلام بھی تھے اور گہرے دوست بھی اور حضرت مسیح موعود کا خون مرزا غلام قادر کے ذریعہ احمدیت کے کام آیا اب حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کا خون بھی شامل ہو گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اللہ کرے کہ یہ خون آپ کے تمام عزیزوں کے لئے بھی باعث برکت اور نیک ثمرات کا حامل ہو۔

واقف زندگی بھائی کی جاں نثاری

ہمارے پیارے واقف زندگی بھائی محترم محمود احمد شاد صاحب مربی سلسلہ نے ماڈل ٹاؤن میں منبر پر موجودگی کے دوران احباب جماعت کو دعاؤں کی تلقین کرتے ہوئے اور اللہ اکبر کا نعرہ بلند کرتے ہوئے اپنی جان مالک حقیقی کے سپرد کر کے واقفین زندگی کے لئے بھی مثال قائم کر دی ہے۔ بہت ہی مرنجاں مرنج طبیعت کے مالک اور علمی مزاج کے حامل تھے۔ آپ کو متعدد بار دشمن کی دھمکیاں ملتی رہی لیکن مردانہ وار میدان جنگ میں سینہ تان کر جان کا نذرانہ پیش کیا ہے۔

معصوم زخمی بچی کا نمونہ

اس سانحہ کے دوران ڈیڑھ صد کے قریب لوگ زخمی ہوئے ان کے حوصلے بلند ہیں اور وہ کسی سے خوف کھانے والے نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فرشتوں نے ان کو بھی سکینت سے نوازا ہے۔ اس کی ایک ''معصوم مثال'' بہت ہی پیاری سب سے کم عمر بچی چار سالہ عزیزہ نور فاطمہ ہے جو کہ اپنے ابا محمد اعجاز صاحب آف مغلپورہ کے ہمراہ دارالذکر جمعہ پڑھنے آئی۔ اس کے دو بھائی جو اطفال کی عمر میں ہیں وہ بھی ہمراہ تھے ان سب کو گرنیڈ کے پھٹنے سے زخم آئے لیکن سب سے گہرا زخم نور فاطمہ کو اس کے رخسار پر آیا۔ ڈیڑھ انچ کے قریب زخم آیا لیکن آفرین ہے اس معصوم بچی پر کہ تقریباً تین گھنٹے مربی ہاؤس میں محبوس رہی۔ رونا تو درکنار ایک بار اُف تک نہیں کی اور جب دوسرے لوگ بولتے تو یہ انگلی کے اشارے سے منع کرتی کہ باہر گندے لوگ ہیں خاموش رہیں اس پر یہ تسکین یقیناً اللہ کے فرشتے اُتار رہے تھے۔

لازوال قربانی کی حسین مثال

شہداء کی قربانی اور ان کے لواحقین کے صبر و رضا کی داستان بہت طویل ہے ان کو صفحات میں سمویا نہیں جا سکتا۔ ان شہادتوں کی ایک شان یہ بھی ہے کہ دارالذکر اور بیت النور ماڈل ٹاؤن دونوں مقامات پر جماعت لاہور کی مرکزی قیادت کو جام شہادت نوش کرنے کی توفیق ملی ہے۔ دارالذکر میں محترم منیر اے شیخ صاحب امیر جماعت لاہور اور بیت النور میں میجر جنرل ناصر احمد صاحب صدر جماعت ماڈل ٹاؤن راہ مولیٰ میں قربان ہوئے اس طرح آپ حضرت مسیح موعود کے بیان فرمودہ اس شعر کی بھی عملی تصویر بن گئے کہ:

من نہ آنستم کہ روز جنگ بینی پشت من
آں منم کاندر میان خاک و خوں بینی سرے

میں وہ نہیں ہوں کہ جس کی بروز جنگ پشت نظر آئے بلکہ میں وہ ہوں جسے تو میدان جنگ میں خاک و خون سے لتھڑا ہوا پائے گا۔ پس ان مردان خدا نے ثابت کر دیا کہ وہ مسیح موعود کے حقیقی غلام ہیں جنہوں نے میدان جنگ میں پشت نہیں دکھائی بلکہ ان کے جسم خاک و خون سے بھرے ہوئے تھے اور انہوں نے عین میدان کارزار میں سینہ تان کر اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ حضرت مسیح موعود نے حضرت سید عبداللطیف کابل کی عظیم شہادت پر فرمایا تھا:۔

''اے عبداللطیف تیرے پر ہزاروں رحمتیں کہ تو نے میری زندگی میں ہی اپنے صدق کا نمونہ دکھایا اور جو لوگ میری جماعت میں میری موت کے بعد رہیں گے۔ میں نہیں جانتا کہ وہ کیا کام کریں گے''۔

(تذکرۃ الشہادتین روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 60)

آج حضرت مسیح موعود کے غلام آپ کی وفات کے سو سال بعد بھی وہی نمونہ دکھلا رہے ہیں جس کی مثال شہزادہ عبداللطیف صاحب نے قائم کی تھی۔ آج ہزاروں لاکھوں مظفر راہ مولیٰ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے تیار ہیں اے مولیٰ کریم تو غلامان مسیح موعود کی قربانیوں کو قبول فرما اور ان کے خون سے دین حق کی آبیاری کرتے ہوئے دنیا میں انقلاب حقیقی برپا کر دے۔

☆☆☆

ایسا نہ ہو کہ تم بھی مداوا نہ کر سکو

سعد اللہ شاہ اپنے کالم ''بادنما'' میں لکھتے ہیں۔

شاید ''ہنوز دلی دور است'' اور ''بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست'' والی دونوں ضرب المثل ایک ہی انداز فکر اور فکری رویے کی غماض ہیں۔ ہمیں ہوش تب آتا ہے جب ڈھاکہ ڈوب جاتا ہے۔......شاید پھر بھی نہیں۔ ہر طرف سازشوں کے جال بچھے ہیں۔ بساط حیات پر دشمنوں کی چالیں ہم خود کھیل رہیں۔ رحمٰن ملک فرماتے ہیں کہ کالعدم تنظیموں کے 1762 ارکان میں سے 726 جنوبی پنجاب میں ہیں۔ یا الٰہی اس بستی میں رہنے والوں کو کیا ہو گیا ہے ان کے منہ میں زبان کس کی ہے۔ یہ لوگ اپنی ہی بربادی کے درپے کیوں ہو گئے۔ یہ اپنے مخالفوں کے لئے قاتل درآمد کرنا چاہتے ہیں۔ سب محبّ وطن کب سے پکار رہے ہیں کہ افغانستان میں لگنے والی آگ پاکستان کو بھی آلے گی۔ یہ آگ لپکتی ہوئی آرہی ہے کہ ہم خود بھی ایک دوسرے پر تیل چھڑک رہے ہیں۔ امریکہ ایک اصطلاح لاتا ہے اور پھر پراپیگنڈہ اس کو بھوت بنا دیتا ہے۔ پہلے القاعدہ، پھر طالبان ......اس کے بعد پاکستانی طالبان اور اب پنجابی طالبان ......شاید اس کے آگے گورنر صاحب لاہوری طالبان اور پھر ماڈل ٹاؤن طالبان کا نعرہ لگا دیں۔ ہم اپنی ذاتی دشمنیوں کو کہاں تک لے گئے ہیں۔ ملکی صورتحال سب کے سامنے ہے۔ مہنگائی نے لوگوں کی جان نکال رکھی ہے۔ لوڈ شیڈنگ اور بدامنی نے لوگوں سے روزگار تک چھین لیا ہے۔ تنخواہ دار طبقہ سڑکوں پر نکل کر پولیس کے ہاتھوں پٹ رہا ہے۔ چلیں سرکاری ملازمین کی تنخواہیں پچاس فیصد بڑھا دی گئی ہیں

کفایت شعاری کا نمونہ

حضرت ماسٹر عبدالرحمٰن صاحب بہت کفایت شعار اور قانع بزرگ تھے۔ اپنی اس کیفیت کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

اسی کی بدولت میں بچوں کو بیس روپے کی تنخواہ پر پالتا رہا اور تعلیم دلاتا رہا اور باہر کی نوکری پر قادیان کی نیک صحبت کو ترجیح دیتا رہا۔...... گھر میں دو ٹوٹی پھوٹی کرسیاں تھیں اور صرف ایک لوٹا تھا تین سال سے کوئی بوٹ نہیں لیا۔ صرف ربڑ کے سلیپر پر گزارہ کیا۔ چار سال سے مکان کی سفیدی نہیں کرا سکا۔ کبھی جرابیں نہیں خریدیں۔ گھر میں صرف ایک تولیہ ہے جو مہمانوں کے لئے ہے۔ سن لائٹ صابن کبھی کبھی منگواتے ورنہ کپڑے دھونے والا صابن ہی استعمال ہوتا۔

(ماہنامہ خالد فروری 1989ء ص 135)

مکرم واحد اللہ جاوید صاحب

مکرم منیر احمد شیخ صاحب کا ذکر خیر

آج خدا کے فضل سے دنیا میں صرف جماعت احمدیہ ہی ایک ایسی جماعت ہے جو خدا کے وجود پر گواہ ہے کیونکہ تقریباً 122 سال سے مسلسل نشانات خداوندی نہ صرف دیکھ رہی ہے بلکہ اہل ابصار کو آئینہ بھی دکھا رہی ہے۔ اس جماعت کا بچہ بچہ نہ صرف خود ایک نشان ہے بلکہ نشانات کا شاہد بھی ہے۔

1984ء کی بات ہے خاکسار ابھی احمدیت کی آغوش سے باہر تھا۔ ایک 10 گیارہ سال کے بچے نے بڑی معصومیت اور عاجزانہ رنگ میں جیسے گزارش کی جاتی ہے کے رنگ میں مشورہ دیا۔ انکل آپ احمدی ہو جائیں۔ میں نے بھی اسی جیسا لہجہ اپنانے کی کوشش کی اور جواب میں کہا کہ بیٹا آپ احمدیت کو چھوڑ دیں۔ اس بچے نے جس کا نام میں بھول چکا ہوں ایسا جواب دیا تھا کہ وہ بھی بس نشان ہی تھا۔ جواب یہ تھا کہ انکل میری چھوٹی سی عمر ہے اور اس چھوٹی سی عمر میں میں احمدیت کی سچائی کے اس قدر نشانات دیکھ چکا ہوں کہ اب میرے بس میں نہیں رہا کہ احمدیت چھوڑ دوں۔ یہ پہلی چوٹ تھی جو اس بچے نے میرے دل پر ماری تھی۔

مکرم شیخ منیر احمد صاحب مرحوم گزشتہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں بیت مبارک میں معتکف ہوئے اور 2009ء کے امیر المعتکفین ہونے کی سعادت حاصل کی۔ خاکسار کو بھی خدا نے بیت مبارک میں ہی اعتکاف کی سعادت بخشی اور یہ دس دن مکرم شیخ منیر احمد صاحب کے ساتھ خاموش سی رفاقت حاصل رہی۔ اس کے باوجود ان کی بھرپور شخصیت میں خاکسار کو ایک پہلو نمایاں نظر آیا۔ یہ ان کی تقسیم وقت کی عادت تھی۔ وہ اپنے محدود وقت کو اس طرح ترتیب دے لیتے تھے جس طرح بڑی ایئرلائنز بڑے بڑے ماہر نفسیات کی راہنمائی میں مہمان نوازی کے شیڈول مرتب کرتی ہیں کہ مہمان اتنے گھنٹے اور اتنے منٹ ہمارے ساتھ ہوگا۔

اس عرصے میں کب ٹھنڈا مشروب کب گرم مشروب کب کھانا اور کب سونے کا ماحول بنانا ہے اور کب مٹھائی کھلانی ہے وغیرہ وغیرہ۔ امیر صاحب مرحوم نے ان دس دنوں کو کس طرح سجایا تھا یہ ان کا ہی کمال تھا اور اس شیڈول پر اس طرح کاربند رہے کہ امارت المعتکفین جیسی ذمہ داری بھی اثر انداز ہوئی تو نہایت اچھے رنگ میں۔

دوران اعتکاف خاکسار نے امیر صاحب مرحوم کی توجہ ایک معاملے پر دلائی۔ رات کو اکثر معتکفین چاہ رہے ہوتے ہیں کہ محراب میں نوافل کا موقع مل جائے اور ایسی جگہ کی سعادت حاصل ہو جہاں کئی خلفاء سجدہ ریز رہے ہیں۔ ہوتا یہ ہے کہ جب کوئی فرد نوافل شروع کرتا ہے تو روحانی لذت میں دیگر احباب کو بھول جاتا ہے کہ اور بھی منتظر ہیں۔ امیر صاحب سے گزارش کی کہ اگر آپ احساس دلا دیں تو باقی احباب بھی مستفید ہو جایا کریں گے۔ مکرم شیخ صاحب نے فرمایا کہ مجھے علم نہیں ہے کہ یہ بات میرے اختیارات میں ہے بھی کہ نہیں۔ لہٰذا میں ایسا اعلان نہیں کر سکتا۔ جب تک شرح صدر نہ ہو۔ مگر اگلے دن ہی گزارش کے رنگ میں اعلان فرمایا کہ روحانی مائدہ بھی آپس میں بانٹ کر کھانا چاہئے۔ 10,10 منٹ مقرر فرما دیئے کہ 2 نوافل کے لئے کافی ہوتے ہیں۔ گویا جب تک شرح صدر نہ ہوئی اعلان نہ کیا۔

دوسری ملاقات لاہور بیت الذکر میں اس وقت ہوئی جب میں وقف جدید کے تربیتی دورے پر لاہور گیا۔ 16 فروری 2010ء کی دوپہر تھی۔ ملتے ہی خاکسار نے سابقہ ملاقات یاد دلانی چاہی اور پوچھا آپ کو پہلی ملاقات یاد ہے؟ ہاں میں سر ہلایا اور دورے کے اغراض و مقاصد جاننے چاہے۔ سر کی اس ہاں کے ساتھ چہرے پر اپنائیت اور شناسائی صاف عیاں تھی۔ جب تک چائے آئی شیخ صاحب مجھے مکمل راہنمائی دے چکے تھے اور مزید راہنمائی کے لئے مکرم ملک طاہر صاحب سے ملنے کا حکم دیا۔ ان دنوں تعمیر کا کوئی منصوبہ زیر غور تھا۔ اس کا نقشہ منگوایا۔ یہ اتنے باتھ روم ہوں گے ان کا اتنا اتنا فاصلہ ہونا چاہئے تھا۔ واش بیسن کا دروازے سے اتنا فاصلہ چاہئے پانی کے چھینٹے اتنی دور تک جایا کرتے ہیں۔ رستہ خشک ہو وغیرہ وغیرہ۔ آپ ایک ماہر آرکیٹیکٹ کی طرح نقشے پر مارکنگ کرنے لگے۔ خاکسار نے جب تک چائے ختم کی نقشے میں مناسب ترمیم کر کے واپس کر چکے تھے۔ یہ ملاقات جو صرف 10 منٹ پر محیط تھی آخری ثابت ہوئی۔ ان کی زندگی سے خاکسار کے لئے صرف اتنا ہی وقت مقدر تھا مگر جلدی سے ہی دل میں سما گئے۔ لگتا ہے آپ نے زندگی کو بھی تقسیم وقت کے تحت ہی گزارا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تقسیم کو قبول فرمایا اور اس امر کی قبولیت پر شہادت کے رنگ میں قبول فرما کے مہر تصدیق ثبت فرمائی۔ آخری وقت میں ان کی زبان پر وہ کلمات تھے جن کو فرشتے تو فرشتے اللہ تعالیٰ بھی ساتھ ہمنوا تھا یعنی درود شریف۔

جب جان جا رہی تھی تو زبان پر کلمہ شہادت اس بات کا غماز تھا کہ وہ شہادت کے اصل مفہوم سے شناسا تھے اور تقسیم وقت یہیں تک تھی۔ حضور انور نے ان کے ذکر خیر میں فرمایا کہ گھر سے رخصت ہو رہے تھے تو چندہ جات اور کیس کے متعلقہ رقوم بیگم صاحبہ کے حوالے کر کے آئے جو ان کی زندگی کے معمول کے خلاف تھا گویا ان کے علم میں تھا کہ وقت ختم ہو رہا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

نہ اُکھڑیں کبھی یہ قدم ساتھیو

میں دیتا ہوں تم کو قسم ساتھیو!
کہ اب یوں نہ بچھڑیں گے ہم ساتھیو!

نہ آئے گی لغزش کبھی پاؤں میں
کرے خواہ زمانہ ستم ساتھیو!

لبوں پہ رہے اسم اعظم سدا
سبھی توڑ دو اب صنم ساتھیو!

یونہی شام ڈھلتی نہ جائے کہیں
بہت ہم نے کھایا ہے غم ساتھیو!

جو دینا پڑے چاہے خوں بھی ہمیں
یہ مشعل نہ ہو گی مدھم ساتھیو!

ہوئے جو محمدؐ کے عاشق سبھی
خدا کا ہے ہم پہ کرم ساتھیو!

اسی نے ہے کایا پلٹ دی سنو!
ہے تلوار اپنا قلم ساتھیو!

محبت کا قصہ، وفا کی کہانی
لہو سے کریں گے رقم ساتھیو!

ہمیشہ وہ زندہ رہیں گے یہاں
چلے ہیں جو سوئے عدم ساتھیو!

ستارے ندامت سے چھپتے رہیں
بلند اتنا ہوگا علم ساتھیو!

قیامت سے بڑھ کے قیامت یہ تھی
ہو صبر و تحمل بہم ساتھیو!

دلوں سے ہمارے نکالے جو دیں
کہاں کس میں اتنا ہے دم ساتھیو!

خدا کو پکارو! دعائیں کرو!
وہ وعدوں کا رکھے بھرم ساتھیو!

سبھی سے محبت ہے، نفرت نہیں
یہی تو ہے اپنا دھرم ساتھیو!

زمانہ جو کروٹ بدلتا رہے
نہ اکھڑیں کبھی یہ قدم ساتھیو!

یہی بات تم سے تھی کہنا فرازؔ
ملیں گے اب اگلے جنم ساتھیو!

اطہر حفیظ فراز

مکرم لئیق احمد مشتاق صاحب

میرے سسر محترم شریف احمد صاحب

خاکسار کے سسر محترم شریف احمد صاحب ابن مکرم میاں روشن دین صاحب ساکن منڈی بہاؤالدین تقریباً ڈیڑھ ماہ صاحب فراش رہنے کے بعد مورخہ 11 مئی 2010ء کو سہ پہر چار بجے بعمر چھیاسٹھ سال اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔

دنیا بھی اِک سَرا ہے بچھڑے گا جو ملا ہے
گر سَو برس رہا ہے آخر کو پھر جُدا ہے

موصوف 11 ستمبر 1944ء کو مونگ رسول ضلع منڈی بہاؤالدین میں پیدا ہوئے۔ گھر میں سچائی کا نور پہلے سے موجود تھا۔ صاف ستھرے دینی ماحول میں پروان چڑھے، اور اسم با مسمّیٰ وجود بنے۔ انتہائی شریف النفس، سادہ، بے ضرر اور دعا گو انسان تھے۔ اور خدا کے فضل سے انتہائی مخلص اور فدائی احمدی تھے۔

تعلیم مکمل کرنے کے بعد 1965 میں پاکستان ائیر فورس اکیڈمی رسالپور ضلع نوشہرہ میں بحیثیت سویلین ٹیکنیشن ملازمت اختیار کی۔ کسب معاش کے ساتھ ساتھ جماعت کے ایک فعال رکن کی حیثیت سے کام کا آغاز کیا، پہلے قائد خدام الاحمدیہ پھر زعیم انصاراللہ کی حیثیت سے کام کا موقعہ ملا، جبکہ تقریباً اٹھارہ سال بطور سیکرٹری مال خدمت کی توفیق پائی۔ رسالپور میں محترم قاضی شفیق احمد صاحب مرحوم ومغفور کا گھر جماعتی سرگرمیوں کا مرکز تھا۔ آپ ہر جماعتی پروگرام میں باقاعدگی سے شامل ہوتے۔ چندہ کی وصولی کیلئے باقاعدگی سے افراد جماعت کے گھروں میں جاتے اور ہمیشہ کھلے پیسے جیب میں ڈال کر جاتے تاکہ چینج نہ ہونے کی وجہ سے کسی دوست کا چندہ ادا ہونے سے رہ نہ جائے۔ ایک دفعہ کام سے گھر آتے ہوئے پانچ ہزار کے قریب رقم راستے میں گر گئی۔ گھر میں کپڑے بدلتے ہوئے پتہ چلا۔ گھر والوں کے سامنے اظہار کیا تو اہلیہ نے کہا آپ کو کئی بار کہا ہے اتنے پیسے جیب میں ڈال کر نہ جایا کریں اب دیکھیں کتنا نقصان ہو گیا۔ کہنے لگے وہ پیسے ضائع نہیں ہونگے میری حلال کی کمائی ہے اور اس میں چندے کے پیسے بھی ہیں۔ فوراً گھر سے پیسوں کی تلاش میں نکل گئے۔ کچھ دیر بعد واپس آئے تو ان کی ظاہری حالت دیکھ کر اہلیہ نے کہا میں نہ کہتی تھی کہ پیسے ضائع ہو گئے بیسیوں لوگ اس راستے سے گزرتے ہیں کسی کی نظر پڑی ہوگی اور وہ اٹھا کر لے گیا ہوگا۔ ان کی بات سننے کے بعد جیب میں ہاتھ ڈالا اور کہا ذرا گنو! یہ کتنے پیسے ہیں۔ پوری رقم شارع عام پر گرنے کے باوجود ضائع نہ ہوئی اور خدا نے آپ کو نقصان سے محفوظ رکھا۔

چندے کا حساب ہمیشہ درست رکھتے۔ مرکزی مہمانوں کے ساتھ بہت تکریم سے پیش آتے اور ہر ممکن خدمت کی کوشش کرتے۔ بچوں کو دین کی طرف راغب کرنے کی پوری کوشش کی اور خدا نے آپ کو اس مقصد میں کامیاب بھی کیا خلافت کے فدائی تھے اور اطاعت کا جذبہ نمایاں تھا، گھر میں ایم ٹی اے کا انتظام کیا ہوا تھا اور خطبات امام باقاعدگی سے سنتے تھے۔

اپنے اکلوتے بیٹے محمود احمد خالد صاحب کو خدمت دین کیلئے وقف کیا جو اس وقت ضلع چکوال میں خدمت دین کی توفیق پا رہے ہیں اور بڑی بیٹی کیلئے واقف زندگی کا انتخاب کیا۔ جب خاکسار کے رشتے کی بات چلی تو صرف اتنا پتا تھا کہ ائیر فورس میں ملازم ہیں۔ خاکسار اپنے ایک عزیز دوست کاشف عمران صاحب مربی سلسلہ کے ساتھ ان کے بڑے بھائی محترم منور احمد ججہ صاحب سے معلومات لینے گیا، جن کی ڈیوٹی ان دنوں رسالپور میں ہی تھی۔ پہلی بات جوان کے منہ سے نکلی وہ یہ تھی کہ شریف احمد صاحب ہمارے سیکرٹری مال ہیں۔ 1984 میں معہ اہلیہ وصیت کی توفیق پائی، حصہ آمد کی بر وقت ادائیگی کے ساتھ ساتھ حصہ جائیداد پوری فکر اور لگن کے ساتھ اپنی زندگی میں ادا کیا۔ اپنے مرحوم والدین کی طرف سے بھی طوعی چندے باقاعدگی سے ادا کرتے رہے۔ 2005ء میں جلسہ سالانہ قادیان میں شمولیت کی سعادت پائی، اور دیار حبیب میں کچھ وقت گذارنے کا موقعہ بھی ملا۔

ائیر کنڈیشن اور فریج کے انتہائی ماہر کاریگر تھے۔ ملازمت کے دوران سینکڑوں افراد کو تربیت دی اور علاقے میں ''استاد جی'' کے نام سے شہرت پائی۔ 32 سال انتہائی محنت اور دیانت داری سے کام کرنے کے بعد بڑی نیک نامی کے ساتھ ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد محترم کرنل نصیر احمد صاحب کے مشورہ پر رسالپور میں ہی پاکستان آرمی کے ٹیکنیکل سکول میں کچھ عرصہ تعلیم دی۔ پھر منڈی بہاؤالدین واپس آگئے اور یہاں بھی 3 سال بطور سیکرٹری مال اور زعیم انصار اللہ خدمت کی توفیق پائی۔ کام کا انتہائی جائز معاوضہ وصول کرتے۔ گھر میں اکثر اس بات پر نوک جھونک جاری رہتی۔ ہمیشہ یہی کہتے کہ کوئی نیا پرزہ نہیں لگایا بس تھوڑی سی خامی تھی اسے دور کر دیا۔

خدمت خلق کیلئے ہمیشہ کمر بستہ رہتے۔ ایک دفعہ کسی کام سے مرکز سلسلہ میں آئے ہوئے تھے ایک عزیز کا فریج خراب تھا اسے ٹھیک کرنے میں مصروف ہو گئے، کافی کوشش کی لیکن بات نہ بنی۔ اسی شام بازار میں گھوم رہے تھے خاکسار بھی ساتھ تھا۔ ایک کولنگ سنٹر پر رکے اور دکاندار سے فریج کی خرابیاں تلاش کرنے کے موضوع پر بات شروع کی۔ کچھ سوالات کے جواب دینے کے بعد اس نوجوان نے کہا ''میں آپ کے ہر سوال کا جواب نہیں دے سکتا کیونکہ یہاں سے پیشہ ورانہ مہارت شروع ہو جاتی ہے''۔ اس پر آپ نے کہا میں 30 سال سے یہی کام کر رہا ہوں۔ لیکن انسان ہوں بعض دفعہ فوری طور پر نقص سمجھ نہیں آتا اس لئے آپ سے اس معاملے میں گفتگو کی ہے۔

پیدل چلنے کے بہت شوقین تھے اور صحت خداتعالیٰ کے فضل سے آخر تک اچھی رہی۔ زندگی میں بہت کم وقت ایسا آیا کہ زندگی کو دوسرے کے سہارے کی ضرورت پڑی ہو۔ لیکن اس مختصر عرصہ میں بھی بچوں نے خدمت کا حق ادا کر کے دعائیں سمیٹیں۔

اگست 2007ء میں خاکسار رخصت پر بچوں کے ساتھ پاکستان گیا تو لاہور ائیر پورٹ پر موجود تھے۔ پھر ربوہ بھی ساتھ رہے۔ کچھ وقت ان کے ساتھ منڈی میں گزارا۔ رخصت ہوتے وقت انہوں نے خاص طور پر شکریہ ادا کیا کہ بچوں کو کچھ دن انکے پاس رہنے دیا۔

مارچ 2010ء کے وسط میں بیمار ہوئے تو مقامی طور پر کچھ ٹیسٹ کروائے پھر ڈاکٹر نے لاہور لے جانے کا مشورہ دیا۔ وہاں ٹیسٹ وغیرہ کروانے سے پتہ چلا کہ جسم میں خون بنانے کی صلاحیت ختم ہو چکی ہے، اور بیماری علاج کی حد سے گزار چکی تھی۔ 3/اپریل کو سب سے چھوٹی بیٹی کی رخصتی کی تاریخ پہلے سے طے تھی۔ پورا خاندان اس وجہ سے پریشان تھا لیکن وہ اس بات پر مصر رہے کہ شادی کی تاریخ تبدیل نہیں کرنی۔ انتہائی اصرار کے ساتھ ڈاکٹر سے چھٹی لے کر 2/اپریل کو گھر پہنچے اور بیٹی کو دعاؤں کے ساتھ رخصت کر کے اپنے آخری فرض کو ادا کیا۔ بیماری کی کیفیت سے انہیں آگاہ نہیں کیا گیا تھا، لیکن ڈاکٹروں کے بقول یہ انتہائی تکلیف دہ بیماری ہے مگر مولا کریم نے انہیں تکلیف کی شدت سے محفوظ رکھا۔ وفات سے کچھ دن قبل تمام افراد خانہ کا فرداً فرداً شکریہ ادا کیا کہ آپ نے میرا خیال رکھا۔ 7/اپریل 2010ء کو آخری دفعہ سرینام فون کیا اور سب سے بات کی۔ آواز میں نقاہت نمایاں تھی مگر سب سے تفصیلی حال پوچھا اور بچوں کو بھی دعا کیلئے کہتے رہے۔

اکثر گھر میں اس بات کا اظہار کرتے کہ میری بڑی بیٹی بھی وقف ہے اور یہ نصیحت کر کے گئے کہ اس سے کہنا پریشان نہ ہو، اور خدا کی رضاء پر راضی رہے۔ وفات کے وقت بیٹا اور تینوں بیٹیاں پاس تھیں۔ پہلے محترم مربی صاحب شہر نے نماز جنازہ پڑھائی جس میں محلے کے غیر از جماعت افراد بھی شامل ہوئے۔ اس کے بعد میت تدفین کیلئے ربوہ لے جائی گئی جہاں مورخہ 12 مئی کو نماز فجر کے بعد بیت مبارک میں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد بہشتی مقبرہ میں تدفین ہوئی۔ پسماندگان میں اہلیہ محترمہ رشیدہ بیگم صاحبہ ایک بیٹا اور چار بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔

